فلاڈلفیا کا اسکول ڈسٹرکٹ

اندراج سے متعلق رہنما اصول

عمومی جائزہ:

جب ایک طالب علم کسی بھی اسکول میں داخلہ کے لئے درخواست دیتا ہے تو انرولمنٹ کو مکمل کرنا اسکول کی ذمہ داری بن جاتا ہے اگر وہ حدود کے اندر رہائش پذیر ہو، یا فوری طور پر درست معلومات حاصل کرے کہ طالب علم کو کہاں درخواست دینی چاہئیے۔

رہائشی طلبہ 21 سال کی عمر ہونے تک اسکول جانے کا قانونی حق رکھتے ہیں، جب تک کہ وہ گریجویشن کے ذریعے ایک پروگرام مکمل نہ کر لیں یا قانونی لحاظ سے اخراج نہ کر دیا جائے۔ اس کے مطابق، ایسے طلباء جو اسکول میں واپس آنا چاہتے ہیں انہیں باقاعدہ دن کے وقت کی کلاسوں میں اندراج کرانے یا دوبارہ اندراج کرانے کی اجازت لازماً دی جانی چاہئیے۔

طریقہ کار:

فوری طور پر موثر العمل مندرجہ ذیل طریقہ کار فلاڈیلفیا اسکول کے پروگراموں کے سکول ڈسٹرکٹ میں طلباء کے اندراج کے عمل کے حوالے سے تمام گزشتہ طریقہ کار اور طرز عمل پر برتری کا حامل ہے۔

ایک بچہ کو اسکول میں جس دن اندراج کیلئے لایا جاتا ہے، اس کو اگلے اسکول کے دن اسکول میں، اوربہر صورت اسکول ڈسٹرکٹ کے ذریعہ مطلوبہ دستاویزات کی وصولی کے بعد پانچ (5) کاروباری دنوں کے اندر اس کو اسکول آنے کی اجازت دی جانی چاہئیے۔ 22 پیرا ضابطہ 11.11(b§).

درخواست کردہ معلومات:

طلبہ کے لئے ایک محفوظ ماحول کو برقرار رکھنے کے لئے ڈسٹرکٹ کی کوششوں کے ایک حصہ کے طور پر، اسکول مندرجہ ذیل کی درخواست کر سکتے ہیں:

- رجسٹریشن کے وقت والدین/سرپرست کی تصویری ایسی شناختی دستاویز کارڈ کی ایک نقل، جس میں تصویر لگی ہوئی ہو۔ اس نقل کو ان افراد کی شناخت کے مقصد سے لئے رکھا جائے گا جو بچے کو اسکول سے لینے اور اسے اسکول میں چھوڑنے کیلئے مجاز ہیں۔
- مزید برآں، اسکول صحت یا جسمانی امتحان کے ریکارڈ، تعلیمی ریکارڈ، حاضری کے ریکارڈ، فرد پر مبنی تعلیمی پروگرام، اور دیگر خصوصی تعلیم کے ریکارڈ کی درخواست کر سکتا ہے تاکہ طالب علم کو معاونت کی مناسب سطح کے ساتھ مناسب گریڈ درجہ/کلاس روم میں رکھا جا سکے۔

برائے مہربانی نوٹ کر لیں: اگرچہ اسکول مندرجہ ذیل کسی بھی معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں، تاہم وہ اس کا تقاضا بچے کا اندراج کرنے یا اسکول میں داخلہ دینے کی شرط کے طور پر نہیں کر سکتے ہیں اور ان کے لئے ان دستاویزات کی فراہمی تک کسی بچے کے اندراج یا داخلہ میں تاخیر کی اجازت نہیں ہے۔ البتہ بچے کے اسکول میں داخلہ کے بعد، اسکول ان معلومات کیلئے والدین/سرپرست کے ساتھ فالو-اپ کر سکتا ہے۔

مطلوبہ دستاویزات

1) ***بچے کی عمر کا ثبوت (ذیل میں سے ایک مطلوب ہے)***

قابل قبول دستاویزات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں (مندرجہ ذیل دستاویزات بطور مثال مذکور ذیل ہیں اور یہ کوئی حتمی فہرست نہیں ہے):

- بچے کی پیدائش کا اصلی سرٹیفکیٹ
- بچے کی پیدائش کے سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ نقل
- بچے کا قانونی قابل عمل پاسپورٹ،
- اصلی بپتسماعی سرٹیفیکیٹ جو بچے کی تاریخ پیدائش بیان کرے
- بپتسما کے ریکارڈ کی نقل – مصدقہ یا موزوں تصدیق یافتہ اور جو تاریخ پیدائش دکھائے
- والدین یا کسی اور رشتہ دار کی جانب سے مصدقہ بیان جو تاریخ پیدائش کو بیان کرے
- سابقہ اسکول کے ریکارڈز، جس میں تاریخ پیدائش مذکور ہو

2) ***مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ (ذیل میں سے ایک مطلوب ہے)***

قابل قبول دستاویزات میں درج ذیل شامل ہیں:

- بچے کے مدافعتی ٹیکوں کا ریکارڈ،
- سابقہ اسکول ڈسٹرکٹ یا ایک طبی دفتر سے ایک تحریر شدہ بیان جو مطلوبہ حفاظتی ٹیکے لگوا ئے جا چکے ہیں، یا یہ کہ مطلوبہ ٹیکوں کا سلسلہ ابھی زیرعمل یا چل رہا ہے۔
- سابقہ اسکول ڈسٹرکٹ یا میڈیکل آفس سے زبانی یقین دہانیاں کہ مطلوبہ حفاظتی ٹیکے مکمل ہو چکے ہیں، جن کے ریکارڈ عنقریب آجائیں گے۔

فلاڈلفیا کا اسکول ڈسٹرکٹ

اندراج سے متعلق رہنما اصول

حفاظتی ٹیکوں سے استثنٰی

(a) *طبی استثنٰی*۔بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوانے کی ضرورت نہیں ہے اگر ایک ڈاکٹر یا معالج کا نامزد کردہ فرد ایک تحریری بیان مہیا کرتا ہے کہ حفاظتی ٹیکے لگوانا بچے کی صحت کے لئے نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ جب ایک ڈاکٹر تعین کرتا ہے کہ حفاظتی ٹیکے لگوانا بچے کی صحت کیلئے مزید خطرناک نہیں ہے، تو اس ذیلی سبق کے مطابق بچے کو حفاظتی ٹیکے لگوائے جائیں گے۔

(b) *مذہبی استثنٰی*۔ بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوانے کی ضرورت نہیں ہے اگر والدین، سرپرست یا آزاد کردہ بچہ تحریری طور پر مذہبی وجوہ کی بنا پر یا کسی اخلاقی یا اخلاقی عقیدہ جو ایک مذہبی عقیدے کی مانن ہی مضبوط ہو کی بنیاد پر حفاظتی ٹیکے لگوانے پر اعتراض کرتا ہے۔

برائے مہربانی نوٹ کریں: اگر ایک طالب علم نے ہر قسم کے ٹیکوں کا شاٹ لینے کا ایک سلسلہ شروع کیا ہوا ہے، تو انہیں لازماً داخل کیا جائے۔ طالب علم لازماً عمل میں شامل ہو اور سیریز کے وقت کے تعین سے مطابقت رکھتا ہو (مثال کے طور پر طالب علم نے صرف ایک شاٹ لیا اور وہ دوسرا شاٹ، پہلے شاٹ کے بعد تیس دنوں کے اندر حاصل کرے گا/گی)۔ اسکول میں داخلہ کے لئے فلاڈیلفیا محکمہ برائے صحت ڈویژن برائے تدارک امراض، حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کا فلاڈلفیا حفاظتی ٹیکوں کے تقاضوں کے پروگرام کو دیکھنے کے لئےبراہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

3) ***پتہ کا ثبوت (ذیل میں سے صرف دو (2) مطلوب ہیں)***

قابل قبول دستاویزات میں درج ذیل شامل ہیں: *اسکولوں کو رہائش کی تصدیق کرنے میں لچکدار ہونا چاہئے، اور خاندان کی صورت حال کی روشنی میں غور کرنا چاہئیے کہ کس قسم کی معلومات معقول ہیں۔*

1. وثیقہ
2. رہن کے تصفیہ کا پرچہ
3. موجودہ یوٹیلیٹی بل (گیس، بجلی، کیبل، ٹیلی فون)
4. حالیہ پراپرٹی ٹیکس کا بل
5. درست ڈرائیور کا لائسنس یا پتہ کی تبدیلی کا کارڈ بمع آپ کا موجودہ پتہ
6. سوشل سیکورٹی آفس سے لیٹر بمع موجودہ پتہ
7. موجودہ پتہ کے ساتھ پبلک اسسٹنس آفس کی طرف سے لیٹر
8. جب ایک طالب علم ایک رضاعی/اطفالی دیکھ بھال میں رہا ہو تو رجسٹریشن کیلئے ایک رضاعی دیکھ بھال/اطفالی دیکھ بھال اور DHS کے لیٹرز قابل قبول ہیں۔
9. والدین/قانونی سرپرست اور بچوں کی اصل نام (ناموں) کے ساتھ کرایہ داری کی دستاویز
10. درست DOT شناختی کارڈ
11. موجودہ کریڈٹ کارڈ کا بل
12. حالیہ گاڑی کی رجسٹریشن
13. ووٹر رجسٹریشن کارڈ جس پر موجودہ پتہ لکھا ہو
14. موجودہ پتہ کے ساتھ حالیہ بینک اسٹیٹمنٹ
15. IRS اسٹیٹمنٹ یا دیگر اجرت اور ٹیکس اسٹیٹمنٹ مثال کے طور پر W2، 1040، 1099
16. حالیہ آجر کی ادائیگی کی رسید جو موجودہ پتہ دکھائے
17. بے گھر طلباء کیلئے جائے پناہ یا رہائشی لیٹرز قابل قبول ہیں۔
18. تصفیہ کے 45 دن کے اندر تصفیہ کاغذات کی اصل نقل جس کے ساتھ دستخط شدہ جائیداد فروخت کا معاہدہ

4) ***والدین کے اندراج کا بیان (جو اسکول کی طرف سے فراہم کردہ EH40 طالب علم اندراج فارم میں درج ہے)***

ایک حلفیہ بیان جو تصدیق کرے کہ آیا طالب علم کو منشیات، شراب، ہتھیاروں، ہتھیاروں، اسکول کی املاک پر چوٹ پہنچانے یا تشدد کرنے کے جرائم پر معطل یا نکالا جا چکا ہے یا ہوا ہے، کو کسی بھی اسکول کی شخصیت کے پاس جمع کرانے کیلئے لازماً طالب علم کیلئے مہیا کیا جائے۔24 P.S.§13-1304-A. ایک اسکول ایک انضباطی ریکارڈ یا حلفیہ بیان میں موجود معلومات کی بنیاد پر ایک بچے کے اسکول کے اندراج سے انکار یا اس میں تاخیر نہیں کر سکتا ہے۔ تاہم، اگر ایک طالب علم کو فی الحال ہتھیاروں کے جرم کی بنا پر نکالا گیا ہو، تو اخراج کی مدت کے دوران اسکول طالب علم کو متبادل تعلیم کی خدمات پیش کر سکتا ہے۔ 24 P.S.§ 13-1317.2(e.1) اگر انضباطی ریکارڈ یا حلفیہ بیان نشاندہی کرتا ہے کہ ایک طالب علم کو اسکول سے جس میں وہ پہلے اندراج کا حامل تھا، ہتھیاروں کے جرم کے علاوہ کسی اور بنا پر نکالا گیا ہے، تو سفارش کی جاتی ہے کہ ڈسٹرکٹ میں اندراج پر خدمات اور معاونت مہیا کی جاتی ہیں یا نہیں کا تعین کرنے کیلئے اسکول طالب علم کی سابقہ کارکردگی اور اسکول کے ریکارڈ کا جائزہ لے۔

5) ***گھریلو زبان کا سروے (جو اسکول کی طرف سے فراہم شدہ EH40 طالب علم رجسٹریشن فارم میں شامل ہے***

ایک اسکول میں پہلی بار اندراج کے حصول کے متلاشی طلباء کو شہری حقوق کے لئے امریکی محکمہ تعلیم کے دفتر کے تقاضوں کے ساتھ مطابقت میں ایک گھر کی زبان کا سروے دیا جائے گا۔ گھر کی زبان کے سروے کو منظم کرنے کیلئے طالب علم کے اندراج میں تاخیر نہیں کی جا سکتی ہے۔